**11.08.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

**Music**

------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں فصلوں کی 100 سے زیادہ اقسام جاری کیں، جو زیادہ پیداوار والی، آب وہوا کی تبدیلی کا سامنا کرنے والی اور زیادہ تغذیہ بخش ہیں۔

☆ جموں و کشمیر میں اننت ناگ ضلعے کے Kokernag علاقے میں حفاظتی دستوں اور دہشت گردوں کے درمیان ایک جھڑپ میں فوج کے دو جوان شہید ہوگئے۔ وزیر دفاع نے جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

☆ NEET-PG داخلہ امتحان 2024 آج ملک بھر میں منعقد کیا جارہا ہے۔

☆ بنگلہ دیش کے عبوری لیڈر محمد یونس نے بڑے پیانے پر احتجاجی ریلیوں کے دوران اقلیتی فرقوں پر حملے کی مذمت کی ہے اور طلباء سے سبھی فرقوں کی حفاظت کی اپیل کی ہے۔

☆ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آئندہ کچھ روز کیلئے ملک کے مشرق ، شمال مشرق ، شمال مغربی خطوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے ۔

☆ اور پیرس اولمپکس 2024 آج دیر رات ایک بڑی شاندار تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوجائیں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM CROPS RELEASE**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں انڈین ایگریکلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں فصلوں کی 109 اقسام جاری کیں، جو زیادہ پیداوار والی، آب وہوا کی تبدیلی کا سامنا کرنے والی اور زیادہ تغذیہ بخش ہوں گی۔

فصلوں کی، جو **109** اقسام جاری کی گئی ہیں، اُن میں **61** فصلیں شامل ہیں۔ اِن میں **34** ایسی زرعی فصلیں ہیں، جن کی کاشت وسیع علاقے میں کی جاتی ہے، جبکہ **27** باغبانی فصلیں شامل ہیں۔

باغبانی فصلوں میں مختلف اقسام کے پھل، سبزیاں، پودے لگانے والی فصلیں، ٹیوبرس، مصالحے، پھول اور ادویاتی پودوں کا احاطہ کیا جائے گا۔ زرعی فصلوں میں موٹے اناج، چارے کی فصلیں، تیل کے بیج، دالیں، گنا، کپاس، ریشہ سمیت مختلف اناج کے بیج اور دیگر ممکنہ فصلیں شامل ہیں۔

بعد میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر جناب شیو راج سنگھ چوہان نے کہا کہ آج کسانوں کیلئے ایک تاریخی دن ہے کیونکہ **65** فصلوں کی **109** اقسام آج جاری کی گئی ہیں ، کسانوں کی آمدنی بڑھانے، پیداوار میں اضافہ کرنے اور لاگت کو کم کرنے میں مدد گار ثابت ہوں گی۔ جناب چوہان نے کہا کہ اِن فصلوں کے بیج آب و ہوا کے موافق ہیں اور خراب موسم میں بھی اچھی فصل پیدا کرسکتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ یہ اقسام تغذیہ بخش اجزاء سے بھرپور ہیں۔ **x**

## PM - PREZ AWARD

وزیر اعظم نریندر مودی نے صدر جمہوریہ کو **Timor-Leste** کا اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ **Grand Collar of Order of Timor Leste** سے نوازے جانے پر زبردست خوشی اور فخر کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ **Timor-Leste** کے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ سے بھارت کے صدرِ جمہوریہ کو نوازا جانا ملک کیلئے ایک فخر کا لمحہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ پُروقار اعزاز بھارت اور **Timor-Leste** کے درمیان مضبوط رشتوں اور آپسی احترام کی عکاسی کرتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ ایوارڈ کئی سالوں سے عوام کی زندگی میں محترمہ دروپدی مرمو کی اہم اور گرانقدر خدمات کو بھی تسلیم کرتا ہے۔ **x**

## JK ENCOUNTER

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر کے اننت ناگ ضلعے میں **Kokernag** کے **Gagarmandu** علاقے میں **Ahlan Hamlet** کے پاس حفاظتی دستوں اور دہشت گردوں کے درمیان ایک جھڑپ میں فوج کے دو جوان اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے شہید ہوگئے ، جبکہ دو شہری زخمی ہوگئے۔ دفاع کے ایک ترجمان کے مطابق جھڑپ کے دوران بری طرح زخمی ہونے والے دونوں فوجیوں کو اسپتال میں بھرتی کرایا گیا تھا۔ بعد میں وہ زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسے، جبکہ زخمی دونوں شہریوں کو ، اُس علاقے سے بحفاظت نکالر فوری طبی امداد فراہم کی گئی ہے۔ آخری خبریں ملنے تک جھڑپ جاری تھی۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔ **x**

## RAJNATH ARMY

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے جموں وکشمیر کے اننت ناگ میں **Kokernag** کے مقام پر ایک دہشت گردی مخالف کارروائی میں بھارتی فوج کے بہادر اور نڈر جوانوں کے جانی نقصان پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ جناب سنگھ نے سوگوار کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ قوم، دُکھ کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔××

## PM - NATWAR SINGH

نائب صدر جگدیپ دھنکڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے سابق وزیر خارجہ **Natwar** سنگھ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ نائب صدر نے 'ایکس' پر پوسٹ کیا کہ جناب **Natwar** سنگھ نے وزیر خارجہ سمیت کئی عہدوں پر ملک کی خدمت کی ۔ جناب دھنکڑ نے کہا کہ وہ ایک عمدہ ادیب تھے۔ **Natwar** سنگھ میں ہمیشہ جینے کے جذبہ اور تعاون کا جذبہ رہتا تھا۔ وزیر اعظم نے سفارت کاری کی دنیا اور خارجہ پالیسی میں جناب **Natwar** سنگھ کی زبردست خدمات کو یاد کیا ، جو اپنی دانشمندی کیلئے بھی جانے جاتے تھے اور ایک قابل مصنف تھے۔

سابق وزیر خارجہ **Natwar** سنگھ طویل علالت کے بعد کل رات دلی کے قریب گروگرام میں انتقال کرگئے۔ وہ **93** سال کے تھے۔ **1984** میں اُنہیں پدم بھوشن ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا تھا۔ نٹور سنگھ نے متعدد کتابیں بھی تصنیف کی ہیں۔ **x**

## NEET PG EXAM

**NEET -PG** داخلہ امتحان **2024** آج منعقد کیا جارہا ہے۔ میڈیکل سائنسز سے متعلق امتحانات کا قومی بورڈ، دو شفٹوں میں، کمپیوٹر پر مبنی ٹیسٹ موڈ میں اس امتحان کا انعقاد کررہا ہے۔ دو لاکھ سے زیادہ طلباء یہ داخلہ امتحان دے رہے ہیں۔

جون میں امتحان کی مقررہ تاریخ سے ایک دن قبل، یہ امتحان ملتوی کردیا گیا تھا۔ یہ فیصلہ ، بعض مقابلہ جاتی امتحانات کی معتبریت کے بارے میں الزامات کے پیش نظر کیا گیا تھا۔ ××

## BANGLADESH PROTEST

بنگلہ دیش کے عبوری لیڈر محمد یونس نے تشدد سے متاثر ملک میں اقلیتی طبقوں پر حملوں کی مذمت کی ہے اور اِسے سنگین جرم بتایا ہے۔ میڈیا رپورٹوں کے مطابق نوبیل انعام یافتہ محمد یونس نے طلباء ، جو مظاہروں میں پیش پیش ہیں ، سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ تمام ہندوؤں ، عیسائیوں اور بدھسٹ کنبوں کو نقصان نہ پہنچائیں اور اُن کا تحفظ

کریں۔ اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guterres کے نائب ترجمان فرحان حق نے بھی بنگلہ دیش میں اقلیتوں پر حملے کی مذمت کی ہے اور مذہب ،نسل یا کسی دیگر امتیازی بنیادوں پرمبنی تشدد کی مخالف کیلئے عالمی تنظیم کے عزم پر زور دیا ہے۔ جناب حق نے تشدد سے متاثر ہندوؤں اور دیگر اقلیتوں فرقوں کی بازآبادکاری کی مدد کیلئے اقوامِ متحدہ کی جانب سے ہر طرح کی امداد کے عزم کو بھی دوہرایا ہے۔

بنگلہ دیش میں کل مسلسل دوسرے دن اقلیتی ہندو فرقے کے ہزاروں لوگوں نے راجدھانی ڈھاکہ اور شمال مشرقی بندرگاہی شہر Chattagram میں بڑی احتجاجی ریلیاں نکالیں۔ ڈھاکہ کے مرکزی حصے شاہ باغ میں ریلی کی وجہ سے تین گھنٹے سے زیادہ ٹریفک رک گیا۔ یہ لوگ ملک گیر سطح پر ہونے والی توڑ پھوڑ سے تحفظ کا مطالبہ کر رہے تھے۔ جن میں ان کے گھروں، کاروبار اور مندروں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔

ان کے مطالبات میں ان لوگوں کے خلاف تیزی سے مقدمات چلانے کے لیے خصوصی ٹربیونل قائم کرنا جنھوں نے اقلیتوں پر مظالم کیے ہیں، اقلیتوں کے لیے پارلیمنٹ کی 10 فیصد نشستیں مختص کرنا اور اقلیتوں کے تحفظ سے متعلق قانون وضع کرنا شامل ہے۔ ہزاروں مسلم مظاہرین، جن میں طلبا بھی شامل تھے، اقلیتوں کے حق میں ڈھاکہ میں ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے شامل ہوئے۔ x

## FOREIGN SECY NEPAL

خارجہ سکریٹری وکرم مصری، نیپال کے دو روزہ سرکاری دورے پر کاٹھمانڈو پہنچ گئے ہیں۔ وہ نیپال کے اپنے ہم منصب Sewa-Lamsal کی دعوت پر وہاں پہنچے ہیں۔ کاٹھمانڈو کے تری بھون انٹرنیشنل ہوائی اڈے پر جناب Lamsal نے گرم جوشی سے ان کا استقبال کیا۔

نیپال کی وزارت خارجہ کے مطابق، دونوں ملکوں کے خارجہ سکریٹری نیپال-بھارت تعلقات، باہمی مفاد اور تعاون سے متعلق مختلف امور پرتبادلہ خیال کریں گے۔خارجہ سکریٹری مصری نیپالی حکومت کے سرکردہ افراد کے ساتھ علیحدہ علیحدہ میٹنگیں کریں گے۔ بھارتی خارکہ سکریٹری کا نیپال کا یہ ایک باضابطہ دورہ ہے۔ یہ دورہ، دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے باضابطہ دوروں کی روایت کے ساتھ ہم آہنگ ہے اور اس سے بھارت کے ساتھ نیپال کے تعلقات کی اہمیت کی عکاسی ہوتی ہے۔

نیپال اور بھارت کے درمیان صدیوں پرانے تہذیبی، ثقافتی اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات قائم ہیں۔ بھارت، نیپال کے بنیادی ڈھانچہ جاتی اور کنکٹوٹی سے متعلق بہت سے بڑے پرجیکٹوں کی تکمیل میں اس کی مدد کررہا ہے۔ خارجہ سکریٹری کل بھارت لوٹ آئیں گے۔xx

**PIYUSH GOYAL IIGS**

تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کل گورے گاؤں میں 40 ویں انڈیا انٹرنیشنل جیولری نمائش میں باہمی بات چیت کے ایک اجلاس کے دوران ، ڈائمنڈ Impress لائسنس متعارف کرانے کا اعلان کیا ہے۔ اس لائسنس سے MSME برآمد کنندگان کو فائدہ ہوگا۔ جن کا بھارت کے جواہرات اور زیورات کی برآمدات میں ایک بڑا حصہ ہے۔ ××

**IMD WEATHER**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج جموں و کشمیر، لداخ ، گلگت ، مظفر آباد، اترپردیش، اتراکھنڈ، پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اگلے پانچ روز کے دوران ملک کے مشرق، شمال مشرق اور شمال مغربی خطوں میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ 16 اگست تک اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ ، منی پور ، میزورم اور تری پورہ میں بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے، جبکہ منگل تک تمل ناڈو، کیرالہ اور Mahe میں بھی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ اسی دوران قومی راجدھانی دلّی میں آج صبح ہلکی سے معتدل بارش ہوئی، جس سے موسم کافی خوشگوار ہوگیا اور دلّی والوں کو گرمی اور اُمَس سے بھی کافی راحت ملی ہے۔x

**OLYMPIC MEDAL TALLY**

دو ہفتے تک جاری رہنے والے سنسنی خیز مقابلوں کے بعد 2024 کے پیرس اولمپکس آج دیر رات شاندار تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوجائیں گے۔ اختتامی تقریب بھارتی وقت کے مطابق دیر رات ساڑھے بارہ بجے شروع ہوگی اور یہ تقریب 80 ہزار شائقین کی موجودگی میں Stade de France اسٹیڈیم میں ہوگی۔ اختتامی تقریب میں اولمپک مشعل کو بجھانے کی رسم اور Loss Angeles 2028 آرگنائزنگ کمیٹی کو اولمپک پرچم سونپنے کی تقریب منعقد ہوگی۔

اب تک اِس اولمپک میں بھارت نے چاندی کے ایک اور کانسے کے پانچ تمغوں کے ساتھ 71 ویں پوزیشن حاصل کی ہے۔ منوبھاکر نے بھارت کیلئے کانسے کا پہلا تمغہ جیت کر پیرس اولمپک 2024 میں ایک تاریخ رقم کی ہے۔
وہ اولمپک نشانے بازی میں تمغہ حاصل کرنے والی بھارت کی پہلی خاتون بھی بن گئی ہیں ۔ اس کے علاوہ وہ اولمپکس میں دو تمغے جیت کر پہلی بھارتی کھلاڑی بھی بن گئی ہیں۔ اس طرح انہوں نے ریکارڈ Book میں اپنا نام درج کرا لیا ہے ۔ انہوں نے Sarabjot سنگھ کے ساتھ 10 میٹر ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم مقابلے میں ایک اور کانسے کا

تمغہ جیتنے کا بھی اعزاز حاصل کیا۔ **Swapnil Kusale** نے نشانے بازی میں تیسرا تمغہ جیتا۔

ہاکی میں مردوں کی ٹیم نے کانسے کا تمغہ جیتا، جبکہ سب سے کامیاب انفرادی اولمپک کھلاڑی نیرج چوپڑا نے مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا۔

آخر میں بھارت کے ابھرتے ہوئے اسٹار پہلوان اَمن سہراوت مردوں کے فری اسٹائل **57** کلوگرام زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتنے کے بعد اولمپکس میں تمغہ جیتنے والے بھارت کے سب سے کم عمر کھلاڑی بن گئے ہیں۔

اب تک چین نے سونے کے **39** ، چاندی کے **27** اور کانسے کے **24** تمغوں سمیت **90** تمغے جیت کر پیرس اولمپکس میں سرفہرست رہا ، جبکہ امریکہ سونے کے **38** ، چاندی اور کانسے کے **42 - 42** تمغوں کے ساتھ کل **122** تمغے جیت کر دوسرے نمبر پر رہا اور آسٹریلیا تیسرے نمبر پر رہا ، جس نے سونے کے **18** ، چاندی کے **18** اور کانسے کے **14** تمغوں سمیت کُل **50** تمغے حاصل کئے۔ **x**

## CRICKET WOMEN

کرکٹ میں ، خواتین کے ٹی ٹوئنٹی سیریز کے تیسرے اور آخری میچ میں آسٹریلیا اے نے بھارت اے کو **7** وکٹ سے ہراکر **Brisbane** میں **Allan Border Field** ٹرافی تین- صفر سے جیت لی ہے۔ آخری میچ میں آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا ، جس پر بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے **120** رَن بنائے اور آسٹریلیا کے سامنے جیت کیلئے **121** رَن کا نشانہ رکھا ، جس نے **13** اوورس اور پانچ گیندوں میں **121** رَن کا نشانہ حاصل کرکے یہ میچ جیت لیا۔ آسٹریلیا نے پہلا ٹی ٹوئنٹی میچ پانچ رَن اور دوسرا ٹی ٹوئنٹی **8** وکٹ سے جیتا تھا۔**x**

## SIKKIM REPRESENTING

سکم کے **Taekwondo** کھلاڑی سنجے **Subba**، انیتا **Subba** اور جتیندر **Limbu**، بنکاک میں جاری ساتویں ہیروز انٹرنیشنل **Taekwondo** چمپئن شپ میں بھارت کی نمائندگی کررہے ہیں۔ یہ تین روزہ چمپئن شپ کل **Assumption** یونیورسٹی میں شروع ہوئی۔سکم کی غیر پیشہ ور

**Taekwondo** ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ سنجے سبّا، ساٹھ کلوگرام تک کے **Kyorugi** زمرے میں اپنی مہارت کا مظاہرہ کریں گے اور **Poomsae** زمرے میں مکسڈ ٹیم کا بھی حصہ ہوں گے۔

دوسری جانب انیتا سُبّا اور جتیندر **Limbu** کی جوڑی **Poomsae** ڈبلز کے زمرے میں کھیلے گی۔ **xx**

☆☆☆☆☆☆